# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1216 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2025/** 8393
**Date: 31st November, 2025**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 41st, 42nd, 43rd, 44th, 45th, 46th, 47th, 48th, 49th and 50th groups as at Annexure-II will be taken-up on 04th, 05th, 06th, 07th, 10th, 11th, 12th, 13th, 14th & 17th November, 2025, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:- www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-IX**

Endst: No. & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Deputy Director Coordination, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Deputy Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-IX**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 41st | Tuesday 04th November, 2025 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment |
| 42nd | Wednesday 05th November, 2025 | • Food<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 43rd | Thursday 06th November, 2025 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 44th | Friday 07th November, 2025 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs |
| 45th | Monday 10th November, 2025 | • Minerals Development<br>• Revenue & Estate<br>• Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control |
| 46th | Tuesday 11th November, 2025 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Administration<br>• Irrigation |
| 47th | Wednesday 12th November, 2025 | • Food<br>• Energy & Power<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 48th | Thursday 13th November 2025 | • Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Public Health Engineering |
| 49th | Friday 14h November, 2025 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Home & Tribal Affairs |
| 50th | Monday 17th November, 2025 | • Labour<br>• Revenue & Estate<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا اکتالیسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

### جو کہ 4 نومبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Aug 01, 2025 -- 09:04 AM - Fri
سوال نمبرQuestion # 1691
Sent to Dept Date: Aug 07, 2025 - Thu

محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکوٰۃ، عشر و سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخواہ میں خواتین کو بااختیار بنانے والے کتنے تربیتی مراکز کام کر رہے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Aug 01, 2025 -- 05:30 PM - Fri
سوال نمبرQuestion # 1692
Sent to Dept Date: Aug 08, 2025 - Fri

محترمہ آمنہ سردار صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکوٰۃ، عشر، سوشل ویلفیئر اینڈ ویمن ایمپاورمنٹ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سوشل ویلفیئر آفس ایبٹ آباد میں ڈسٹرکٹ آفیسر موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو آیا مذکورہ ڈسٹرکٹ آفیسر کی تعیناتی عارضی طور پر کی گئی یا مستقل بنیادوں پر، نیز جس طریقہ کار کے تحت تقرری ہوئی اُس کی تفصیل مروجہ اور طے شدہ قواعد وضوابط کے تحت فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 10, 2025 -- 06:00 PM - Sun
سوال نمبرQuestion # 1704
Sent to Dept Date: Aug 19, 2025 - Tue

محترمہ آمنہ سردار صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکوۃ، عشر و سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے تحت چلنے والے ادارے مثلاً دارالامان، شیلٹر ہوم اور بلائینڈ سکول میں کھانے کی فراہمی کے ٹھیکے دیئے جاتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) ضلع ایبٹ آباد میں گزشتہ دس سال کے دوران یہ ٹھیکہ کن افراد یا اداروں کو دیا گیا ہے ان کے نام پتہ اور معاہدوں کی مدت کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اگر یہ ٹھیکہ مسلسل کسی ایک ہی ٹھیکدار یا ادارے کو دیا گیا ہے تو اس کی وجوہات، قانونی جواز اور متعلقہ دستاویزی ثبوت پیش کئے جائیں۔

(iii) کیا ٹھیکہ دینے کا عمل مقررہ قوانین، مسابقتی طریقہ کار، اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق کیا گیا ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات بیان کی جائیں۔

(iv) کیا اس ضمن میں کسی قسم کا آڈٹ، انکوائری یا احتسابی کارروائی عمل میں لائی گئی اگر ہاں تو اس کی مکمل تفصیلات اور نتائج فراہم کیے جائیں۔

Notice Date : Aug 13, 2025 -- 03:50 PM - Wed
سوال نمبرQuestion # 1748
Sent to Dept Date: Sep 08, 2025 - Mon

جناب جلال خان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا میں بالعموم اور ضلع پشاور میں بالخصوص بچوں میں Autism کی بیماری نے وبائی شکل اختیار کی ہے اور صوبے میں اس بیماری کی روک تھام اور علاج معالجہ کے لئے ہسپتال / سنٹرز بھی موجود ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس بیماری کی وجہ سے بچوں کی ذہنی اور جسمانی نشو نما متاثر ہوتی ہے جو کہ دس سال کے بچوں کی ذہنی صلاحیت پانچ سال کے بچوں جیسی ہوتی ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) پشاور سمیت تمام صوبے میں کل کتنے ہسپتال / سنٹرز موجود ہیں؟

(ii) ان ہسپتالوں / سنٹرز میں تمام عملہ کے نام بمعہ عہدہ اور مقام تعیناتی کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ بیماری کی روک تھام کے لئے حکومت نے کیا اقدامات کئے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے

(iii) مذکورہ بیماری کی روک تھام کے لئے حکومت نے کیااقدامات کئے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے

Notice Date : Aug 27, 2025 -- 11:01 AM - Wed
سوال نمبرQuestion # 1751
Sent to Dept Date: Sep 08, 2025 - Mon

محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ, رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے صوبے میں سال2023 سے تاحال ندی نالوں اور دریاؤں میں سیلاب سے بچاؤ کے لیے مختلف منصوبے شروع کئے تھے

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوتو سال2023 سے تاحال صوبے میں سیلاب سے بچاؤ کے زیر غور، جاری اور مکمل ہونے والے منصوبوں کی تفصیل بمعہ اخراجات فراہم کی جائیں

Notice Date : Sep 03, 2025 -- 02:33 PM - Wed
سوال نمبرQuestion # 1810
Sent to Dept Date: Sep 17, 2025 - Wed

جناب احسان اللہ خان صاحب, رکن صوبائی اسمبلی

ازراہ کرم وزیر برائے آبپاشی ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبائی بجٹ2024-25اور2025-26 میں مختلف امبریلا سکیمیں رکھی گئی ہیں، جن میں آبپاشی ٹیوب ویلز کی سکیمیں بھی شامل ہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ وضاحت فرمائی جائے کہ ان ٹیوب ویلز کی کسانوں میں تقسیم کے لیے کیا طریقہ کار اور معیار مقرر کیا گیا تھا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 05, 2025 -- 04:45 PM - Fri
سوال نمبرQuestion # 1764
Sent to Dept Date: Sep 11, 2025 - Thu

محترمہ شازیہ جدون صاحبہ, رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر زکواۃ عشر اور سماجی بہبود ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے مالی سال25-2024 میں محکمہ کو مختلف مدات میں ترقیاتی فنڈ ملا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مالی سال میں ملنے والی رقم کو کہاں کہاں پر کتنا خرچ کیا گیا اور کتنا فنڈ منقضی ہوا تفصیل فراہم کی جائے؟ نیز منقضی ہونے کی وجوہات بھی فراہم کی جائے۔

Notice Date : Sep 12, 2025 -- 10:03 AM - Fri
سوال نمبرQuestion # 1815
Sent to Dept Date: Sep 15, 2025 - Mon

جناب سجاداللہ صاحب, رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر امداد، بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لوئر کوہستان میں اس وقت ریسکیو1122 کے کل کتنے اہلکار وافسران تعینات ہیں؟

(ب) کیا قواعد کے مطابق موجودہ1122 سٹاف ضلع کوہستان کی ضروریات پورا کرنے کے لیے کافی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:22 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1444**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان کی مختلف تحصیلوں یعنی تحصیل پروا، درابن، پہاڑپور اور پنیالہ میں تعلیمی بورڈ کے سب آفس بنائے جا رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کی باقی دو تحصیلوں بشمول تحصیل کلاچی اور تحصیل درازندہ میں ڈیرہ تعلیمی بورڈ باقی تحصیلوں کی طرح سب آفس کیوں نہیں بنا رہا۔ وجوہات بیان کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:38 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1434**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ نیلوفر بابر صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ میرے حلقہ نیابت پی کے۔1 میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکولز موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان تمام سکولوں میں اساتذہ تعینات ہیں؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ حلقے میں کل کتنے پرائمری، مڈل اور ہائی سکولز موجود ہیں؟

(ii) ان سکولوں میں کل کتنی Sanctioned پوسٹیں ہیں؟

(iii) ان تمام سکولوں میں Sanctioned پوسٹوں پر اساتذہ کرام تعینات ہیں اگر ہاں تو تفصیل فراہم کی جائے اور اگر نہیں تو یہ پوسٹیں کیوں خالی ہیں؟

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:39 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1435**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ نیلوفر بابر صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کے سالانہ ترقیاتی پروگرامز میں حلقہ پی کے۔1 چترال کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟

(ب) مذکورہ فنڈز میں کتنی رقم جاری ہوئی تھی اور کتنی خرچ ہوئی؟ خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں پر اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:17 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1469**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بنوں میں موجود ہائیر سیکنڈری سکول بنوں ہندوؤں کے زمانے سے موجود ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں ہندوؤں کے زمانے کے نوادرات بھی موجود تھے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہر کلاس روم کے دروازے پر ایک کتبہ لگا ہوا تھا جس پر اُس وقت کے ہندو کا نام درج تھا؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) اس وقت یہ نوادرات کہاں اور کس کے پاس ہیں؟

(ii) سکول میں کلاس رومز پر لگے کتبوں کی تعداد کتنی تھی اور اب کتبے کہاں اور کس کے پاس ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:18 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1436**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں ڈی ای او فی میل نے غیر قانونی طور پر بڑے پیمانے پر جبری ریٹائرمنٹ پر اساتذہ کو بھیجا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ جبری ریٹائرمنٹ میں قانونی تقاضے پورے نہیں کئے گئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا بتالیسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 5نومبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:59 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1378**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں بشمول سوات میں سیلاب کی وجہ سے سکولوں کے انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سوات میں سکولوں کی تعمیر کا کام کب شروع ہو گا اور کب مکمل ہو جائے گا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:00 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1368**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں ایسے سکول موجود ہیں جن کی تعمیر مکمل ہونے کے باوجود بھی ان میں تعلیمی سرگرمیاں شروع نہیں کی گئیں ؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو ھزارہ ڈویژن میں مذکورہ سکولوں کی تعداد، مقام اور سکولوں پر صرف شُدہ رقم کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:40 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1547**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 21-2020 میں نئے گورنمنٹ ڈگری کالجز کے قیام کیلئے فزیبلٹی سٹڈی کا منصوبہ شامل کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے کن کن حلقوں میں گورنمنٹ ڈگری کالجز قائم کرنا چاہتا ہے تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:41 PM - Mon
**Question # 1579 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Higher Education state that:.

(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?

(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department/subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:

(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of

(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:21 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1452**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 115 کلاچی ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف کیٹگیری کے سکول موجود ہیں ؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو حلقہ پی کے 115 کلاچی ڈیرہ اسماعیل خان میں تمام سکولوں کی تعداد بلحاظ درجہ مکمل تفصیل یونین کونسل وائز فراہم کی جائے نیز ان سکولوں میں اساتذہ کی تعداد، طلباء کی تعداد اور تعلیمی سہولیات و سرگرمیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

(i) کتنی فی میل ٹیچرز کو اور کن وجوہات کی بناپر جبری ریٹائر منٹ دی گئی ہے ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) دور افتادہ اور مرج ایریامیں پہلے سے فی میل اساتذہ کی کمی ہے پھر اتنے بڑے پیمانے پر فی میل اساتذہ کو کیوں جبری ریٹائر منٹ دی گئی وجوہات بیان کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:03 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1454**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال2019ء سے 2024ء تک ADPاور AIP کے تحت PK-95اور PK-96 کو کل کتنا فنڈز مہیا کیا گیا ہے ؟ نیز یہ فنڈز کون کون سی مدات میں دیئے گئے ہیں ؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:08 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1499**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 21-2020ء میں ضلع لوئر کرم میں گورنمنٹ ڈگری کالج کی منظوری ہوئی تھی ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو مذکورہ کالج کے لیے ٹینڈر ہوا ہے تو اب کس مرحلے میں ہے، اگر نہیں ہوا تو وجوہات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:00 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1597**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ شہید بینظیر بھٹو ویمن یونیورسٹی پشاور میں ٹیچنگ فیکلٹی موجود ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) یونیورسٹی میں کل کتنا ٹیچنگ سٹاف ہیں ؟ نام بمعہ عہدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) وزیٹنگ پروفیسر / لیکچررز، فکسڈ پے یا کنٹریکٹ پر یونیورسٹی میں کلاسسز لینے والے میل اور فی میل ملازمین کی علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:03 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1537**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) رمضان المبارک سال 2024 کے رمضان پیکج پر کل کتنی رقم کس کس مد میں خرچ ہوئی ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) رمضان پیکج کے تحت غربا اور مساکین میں جو رقم تقسیم ہوئی اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) جن افراد میں رمضان پیکج تقسیم ہوا ان کے نام بمع شناختی کارڈ کا پی اور جتنی رقم دی گئی اس کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:07 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1612**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 32 میں ایک بھی گورنمنٹ گرلز ہائی سکول (GGHS) نہیں ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پورے ضلع میں ایک بھی (GGHS) گرلز ہائی سکول نہیں ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) پورے ضلع میں ایک بھی (GGHS) گرلز ہائی سکول اب تک کیوں نہیں بنایا گیا ہے ؟

(ii) اہل علاقہ کی غریب عوام کی خاطر کب تک گرلز ہائی سکول بنایا جائے گا اور اس پر کام کب سے شروع ہو گا ؟

(iii) تاحال گرلز ہائی سکول نہ ہونے کی وجوہات بمعہ تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:08 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1613**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان کے پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں میں مختلف بنیادی سہولیات میسر نہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع کوہستان میں کن کن سکولوں میں چار دیواری، فرنیچرز، لیٹرین اور بجلی جیسے بنیادی سہولیات موجود نہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا تینتالیسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 6 نومبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:31 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1557**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے پشاور میں بیوٹیفیکیشن پراجیکٹ شروع کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) سال 2018 سے اب تک محکمہ نے پشاور میں کل کتنے بیوٹیفیکیشن پراجیکٹ مکمل کئے ہیں اور ہر پراجیکٹ کی لاگت کیا تھی؟

(ii) پودوں کے علاوہ کل کتنے اور Monocot, dicot درخت ان پراجیکٹس میں لائے گئے تھے پودوں کی اقسام بمعہ ان کی قیمت خرید کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ پودے اور درخت کہاں کہاں سے خریدے گئے ہیں ان کی مصدقہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iv) جن جگہوں پر جن اقسام اور تعداد میں پودے لگائے گئے ہیں ان مقامات اور پودوں کی تعداد وغیرہ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:35 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1556**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نیو پشاور سٹی یا گندھارا سٹی کے نام سے ایک نیا رہائشی منصوبہ پی ڈی اے کے ذریعے شروع کر رہی ہے؟ جس کی منظوری بھی دی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ منصوبے کیلئے کل کتنی زمین خریدی جارہی ہے اور کس مقام پر ہے؟

(ii) مذکورہ منصوبے میں کن کن سرکاری محکموں کی وہاں منتقلی شامل ہے؟

(iii)) مذکورہ منصوبے میں کل کتنے رہائشی پلاٹس سرکاری اور عام عوام کے لئے مختص ہوں گے

(iv) مذکورہ منصوبہ کب عملی طور پر شروع ہو گا اور اس کی سنگ بنیاد اور تکمیل کب تک مکمل ہو گی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:29 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1389**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زراعت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا کو سالانہ لاکھوں روپے خوراک کی درآمد کی ضرورت پڑتی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ خوراک کی پیداواری شرح بڑھانے کیلئے زراعت سے وابستہ کاشتکاروں کو سبسڈائیز کھاد، تخم، کیڑے مار ادویات، زرعی ٹیوب ویلز اور سستے داموں ٹریکٹرز اور مشینری وغیرہ فراہم کرنا حکومتی ترجیحات میں شامل ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) خوراک کی پیداواری شرح بڑھانے کیلئے گزشتہ پانچ سالوں کے دوران حکومت نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ii) مذکورہ عرصے کے دوران جن کاشتکاروں کو زرعی ٹیوب ویلز، ٹریکٹرز، مشینری وغیرہ فراہم کی گئی ہیں۔ ان کے نام، ولدیت، سکونت اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی سمیت مکمل تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:30 PM - Mon
**Question # 1388 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Agriculture state that:.
(a) It is true that the department enacted laws / acts from time to time related to the department / attached departments and subordinate bodies & authorities?
(b) Whether the latest copy of each of the enacted Acts are available on the official website of the department / subordinate department? If so the details there of, if not the reasons there of:
(c) is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of:
(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:28 PM - Mon
**Question # 1548 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ
(الف) آیا یہ درست ہے کہ 15 دسمبر 2022 کوٹی ایم اے کلاچی نے ٹینڈر نمبر 18835 کے تحت (E-bidding) کی؟
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:
(i) متعلقہ سکیمز کے لیے ٹینڈر میں حصہ لینے والی کنسٹرکشن کمپنیوں کے نام کی تفصیل فراہم کی جائے۔
(ii) متعلقہ ٹینڈر کے تحت ہونے والی سکیموں کی مد میں اب تک کتنی رقم ریلیز ہوئی اور ان میں ٹھیکیدار کو کتنی پیمنٹ ہو چکی ہے؟ نیز ان ادائیگیوں کی مد میں ٹھیکیدار نے کتنا فیصد کام مکمل کیا ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:53 PM - Mon
**Question # 1549 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ
(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں کے ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ فنڈ سے 2018 سے جون 2024 تک مختلف ترقیاتی منصوبے منظور ہوئے تھے؟
(مثلاً روڈز، پروٹیکشن بند، جرگہ ہالز، گلیوں کی مرمت سٹریٹ لائٹس اور واٹر سپلائی سکیمز وغیرہ وغیرہ)
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سکیم وائز منظوری اور حلقہ وائز اب تک جو سکیم مکمل ہوئے ہیں یا آخری مراحل میں ہیں۔ تخمینہ لاگت کے حساب سے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:15 PM - Mon
**Question # 1571 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ
(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے 2024-25 میں ٹرانسفارمرز کے مرمت کیلئے حلقہ وائز ایک کروڑ روپے مختص کئے تھے؟
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-
(i) یہ رقم کس طریقہ کار کے تحت استعمال ہوئی ای ٹینڈر کے ذریعے استعمال ہوئی یا کوئی اور طریقے کے ذریعے استعمال ہوئی ہیں۔ فنڈز کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔
(ii) DDC میٹنگز کی تفصیل بمعہ منٹس فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:13 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1485**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع کُرم میں AIP پروگرام کے تحت منصوبوں پر کام جاری ہے؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پروگرام کے تحت کتنے منصوبے مکمل اور کتنے نامکمل ہیں اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔نیز جو منصوبے تاحال نامکمل ہیں ان کی وجوہات بتائی جائے۔

(ج) مذکورہ پروگرام کے تحت جاری کئے گئے فنڈز سے روڈز، بلڈنگ اور پلوں کے علاوہ دیگر کس مد میں کام کئے گئے ہیں نیز یہ پروگرام کب سے شروع ہوا ہے؟

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:17 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1490**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع جنوبی وزیرستان (سابقہ فاٹا) محکمہ مواصلات وتعمیرات کے شعبے کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے گئے ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟اس میں سے کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟اور کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا ہے؟مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:18 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1468**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے بجٹ میں تحصیل ٹوپی کے لئے پینے کے صاف پانی کے منصوبے منظور کیے تھے؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ منصوبوں کی تعداد کتنی تھی ان پر کل کتنا فنڈ خرچ کیا گیا ہے نیز مکمل شدہ اور نامکمل منصوبوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:43 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1488**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے پاس سڑک کی تعمیر ومرمت کے معیار کو چیک کرنے کے لیے جدید، نئے الات اور روڈ ٹسٹینگ مشنیری موجود ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو مشینری کی فصیل اور گزشتہ (3) سالوں سے تاحال ان الات سے جتنے روڈ ٹمیسٹ کئے گئے ہیں ان روڈز میں غیر معیاری (خراب) اور معیار روڈز کی تفصیل فراہم کی جائے نیز غیر معیاری (خراب) ثابت ہونے کی صورت میں جن جن لوگوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہیں ان تفصیل بھی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:50 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1608**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ضم اضلاع کے مختلف سڑکوں کے منصوبوں کیلئے غیر ملکی قرضہ مختص کیا گیا تھا؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ کے زیر نگرانی کتنا غیر ملکی فنڈ کن کن ضم اضلاع کیلئے منظور ہوا تھا اور کہاں کہاں پر اور کس طریقہ کار کے تحت تاحال خرچ کیا گیا ہے اور کتنا فنڈ ابھی بھی موجود ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع باجوڑ کیلئے کتنا فنڈ منظور ہوا تھا ان فنڈز سے ضلع باجوڑ میں جن سڑکوں کی تعمیر ومرمت کی گئی ہے ہر ایک کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:52 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1570**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کی طرف سے ضلع پشاور کے تمام 13 حلقوں کے لیے ٹرانسفارمرز کی مرمت کی مد میں فی حلقہ ایک کروڑ روپے زیر نگرانی تحصیل اسسٹنٹ ڈائریکٹرز محکمہ بلدیات کو فراہم کیے گئے ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)مذکورہ ٹینڈرز کی کاپی، ٹینڈر کا طریقہ کار، مختص شدہ فنڈ کا طریقہ استعمال اور یہ کس طرح عوامی مفاد میں استعمال ہو گا۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ii)نیز مذکورہ فنڈ متعلقہ ایم۔پی۔اے یا چیئرمینوں کے ذریعے استعمال ہو گا؟ مکمل تفصیل بمعہ طریقہ کار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:53 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1569**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2013 میں سال 2019 کے ترمیم 23(A) کے تحت بلدیاتی نمائندوں کو مختلف قسم کے اختیارات دیئے گئے تھے لیکن بعد میں نئے ترمیم سال 2022 کے تحت 23(A) میں دیئے گئے اختیارات کو ختم کر دیا گیا۔

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 23(A) سکشن کو ختم کرنے کی وجوہات بیان کیئے جائیں نیز بلدیاتی نمائندگان کو دوبارہ مذکورہ ختیارات کب دیئے جائینگے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:05 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1609**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر لائیو سٹاک از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ سال 2018 سے ستمبر 2024 تک محکمہ ھذا میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)آیا مذکورہ بھرتیوں میں اقلیتوں، خواتین اور معذوروں کے لیے کوٹہ موجود تھا؟ اگر کوٹہ موجود تھا تو کتنا تھا اور اس پر پوری طرح عمل درآمد ہوا ہے یا نہیں اور کتنی آسامیاں تاحال خالی ہیں۔

(ii)مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی لسٹیں بمعہ نام، عہدہ اور پتہ فراہم کی جائیں۔

(iii)مذکورہ بھریتوں میں اقلیت، خواتین اور معذور افراد جو کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں۔ ان کی الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:17 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1607**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زراعت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کی طرف سے پورے علاقے کے لئے صرف ایک ہی ڈائریکٹر کی آسامی ہے؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع کوہستان میں محکمہ زراعت کا کوئی بھی دفتر نہیں ہے؟ آیا بغیر دفاتر کے محکمہ زراعت کے سرکاری امور انجام دیئے جا سکتے ہیں؟

(ج)اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i)ضلع کوہستان میں ایک ڈائریکٹر کس طرح پورے ضلع کے امور چلا رہے ہیں؟

(ii)محکمہ زراعت ضلع کوہستان میں تمام ضروری دفتر کا قیام کب تک عمل میں لایا جائے گا اور ضروری سٹاف کی کمی کب تک پوری کی جائے گی؟

(iii)سال 2014 سے تاحال تمام (sanction posts) منظور شدہ آسامیوں میں سے خالی آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا چوالیسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 7 نومبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 11:30 AM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1660
Sent to Dept Date: Jul 10, 2025 - Thu

جناب جلال خان صاحب, رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی ملازمین کیلئے سرکاری ہسپتالوں میں لیب ٹیسٹ، ایکسرے، سی ٹی سکین، ایم۔آر۔آئی وغیرہ کی مفت سہولیات میسر ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان سرکاری ہسپتالوں میں فری ٹیسٹ کرانے کا کیا طریقہ کار ہے؟ اور کون کون سے ٹیسٹ سرکاری ملازمین کے لیے فری کیے جاتے ہیں؟ اور کون سے ٹیسٹ کی فیس وصول کی جاتی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 11:43 AM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1601
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon

جناب جلال خان صاحب, رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر انسٹیٹیوٹ فار چلڈرن ہسپتال کا بلڈنگ پچھلے 10 سال سے مکمل ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال کو اب تک آپریشنل نہیں کیا گیا؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال کب تک آپریشنل کیا جائے گا اور کن وجوہات کے بنا پر تاخیر کا شکار ہوا مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 11:47 AM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1515
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
Mrs/Ms Shehla Bano, Member Provincial Assembly

محترمہ شہلا بانو صاحبہ, رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2017 سے لے کر آج تک خیبر پختونخواہ فارمیسی کونسل کے رجسٹر (ب) میں درج افراد میں سے کتنے افراد سرکاری نوکری سے منسلک تھے اور اب بھی ہیں؟ جنہوں نے محکمہ سے این او سی لیے بغیر فارمیسی ایجوکیشن کے نام پر متعلقہ افراد سے انسٹیٹیوٹس میں داخل ہونے کی بنیاد پر براہ راست امتحانات فارمیسی کونسل کے رجسٹر (ب) اندراج ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 11:48 AM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1518
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon

محترمہ شہلا بانو صاحبہ, رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ال 2017 سے لے کر آج تک خیبر پختونخوا فارمیسی کونسل کے رجسٹر (ب) میں درج کتنے افراد کو صوبہ خیبر پختونخوا ڈرگ اونر کے تحت پرچون یا ڈسٹر بیوشن ہول سیل کی مد میں ڈرگ سیل لائسنس دیئے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کریں۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:27 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1392
Sent to Dept Date: Jul 03, 2025 - Thu

جناب احمد کنڈی صاحب, رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2018 میں محکمہ پولیس میں مختلف آسامیوں (کانسٹیبل، ہیڈ کانسٹیبل اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر) کی اپگریڈیشن ہوئی

تھی؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)اپگریڈیشن کونسے سکیل تک ہوئی ہے اور اس اپگریڈیشن سے مذکورہ اہلکاروں کی کیا مراعات ممکن ہوئی ہے مکمل تفصیل فراہم کرے؟

(ii)اپگریڈیشن کے ساتھ تنخواہوں سے ٹیکس کٹوتی کی بھی وضاحت کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 12:28 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1393
Sent to Dept Date: Jul 03, 2025 - Thu

جناب احمد کنڈی صاحب ,رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نےE-FIRکی سہولت متعارف کرائی ہے؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک پشاور اور ڈیرہ اسماعیل خان ڈویژن میں اس سہولت کی فراہمی سے کتنیFIRدرج ہو چکی ہیں؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:32 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1586
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon

جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی کے115میں واقع تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کلاچی، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال درابن اور تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال درازندہ فعال ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتالوں میں ڈیوٹی پر موجود طبی عملے کے عہدوں کی تفصیل بمعہ موجود طبی سہولیات کی تفصیل(دوائیں،ایکسرے اور لیبارٹری وغیرہ) ہسپتال وار فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:44 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1525
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon

جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)کیا محکمہ پولیس خیبر پختونخوا میں شہداء سن کوٹہ کے تحت کانسٹیبل اورASIبھرتی کیے جاتے ہیں؟

(ب) بنوں ڈویژن میں پولیس شہداء کی تعداد کتنی ہے؟اور پالیسی کے مطابق کتنی بھرتیاں سن کوٹہ کے تحت ہوئی ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:45 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1417
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon

جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں2013سے لے کر جون2024تکADPsسمیت وفاق کی طرف سے مختلف ترقیاتی کاموں کی مد میں فنڈز مہیا کیا گیا تھا؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو سکیم وائز تقسیم(روڈ، بلڈنگ، سکول، ہسپتال وغیرہ)جتنے بھی پراجیکٹ منظور ہوئے ہیں اور جتنے مکمل ہوئے ہیں اور جن پر ابھی تک کام جاری ہیں۔ ہر پراجیکٹ کے لیے جتنی رقم ریلیز ہوئی ہے۔ پراجیکٹ وائز تخمینہ لاگت کے حساب سے تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:00 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1495
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon

جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ضلع کرم کی تحصیل سنٹرل کرم ہسپتال کا پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کا ٹھیکہ کس این جی او کو کس قواعد و ضوابط کے تحت دیا گیا ہے نیز این جی او نے اس میں اپنی کتنی سرمایہ کاری کی ہے۔ معاہدوں کی کاپیاں اور مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:07 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1497
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صحت نے ضلع کرم میں گزشتہ دو سالوں کے دوران مختلف کوٹہ پر بھرتیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع کرم میں جن جن آسامیاں پر جس کوٹہ کے تحت بھرتیاں کی گئی ہیں ان بھرتی شدہ افراد کی میرٹ لسٹ اور تعیناتی کے احکامات سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:20 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1534
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع کرم (سابقہ فاٹا) محکمہ داخلہ و قبائلی امور کے شعبے کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے گئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ اس میں سے کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟ اور کتنا فنڈ تا حال خرچ کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:21 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1501
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع صوابی تحصیل ٹوپی کے سول ہیڈ کوارٹر ہسپتال، میں اس وقت کتنا عملہ موجود ہے اور کن کن آسامیوں پر خدمت سر انجام دے رہے ہیں؟

(ب) مذکورہ ہسپتال میں روزانہ کی بنیاد پر کتنے مریضوں کو کون کون سی بیماریوں کے علاج کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں؟

(ج) مذکورہ ہسپتال میں تعینات ڈاکٹروں کی اور ڈاکٹروں کی خالی آسامیوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(د) مذکورہ ہسپتال میں بھرتی شدہ ڈاکٹرز اور دیگر سٹاف جو ڈیپوٹیشن پر دوسری جگہ پر کام کر رہے ہیں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ھ) ڈیپوٹیشن پر گئے ہوئے ڈاکٹرز کی جگہ کوئی اور کام کر رہا ہو کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:30 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1502
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ فالج کے علاج کے لیے مہنگا ترین انجکشن (ٹی پی اے) صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں دستیاب ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو مذکورہ سہولت صوبے کے کن کن سرکاری ہسپتالوں میں میسر ہے نیز مذکورہ انجکشن کی قیمت کتنی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:36 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1566
Sent to Dept Date: Jul 08, 2025 - Tue
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر کھیل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ۔

آیا یہ دورست ہے کہ حکومت ہر سال کھیلوں کی فروغ و ترقی کیلئے مختلف منصوبے بناتی ہیں۔

اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو۔ تو حکومت نے گذشتہ 3 سالوں میں کل کتنے منصوبے بنائے ہیں۔ ان میں کتنے مکمل ہوے ہیں اور کتنے منصوبے زیر تعمیر ہیں۔ مکمل تفصل فراہم کی جاہیں۔ نیز مکمل شدہ منصوبوں پر کل کتنا حرچہ آیا ہیں۔ اس کی الگ تفصل فراہم کی جاہیں۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:37 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1433
Sent to Dept Date: Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) موجودہ وقت میں صوبے میں کل کتنے ایڈمنسٹریٹو آفیسرز، سیکرٹریز، اے سی ایس، گریڈ 20 اور اس سے اوپر کے افسران کام کر رہے ہیں؟ ان افسران کی تفصیل فراہم کی جائے۔ مزید براں، سال 2023ء سے تاحال کتنے افسران کو او ایس ڈی (OSD) بنایا گیا ہے؟ ان افسران کے نام، تعلیمی قابلیت، او ایس ڈی بنانے کی تاریخ اور اس کی وجوہات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا پینتالیسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 10 نومبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:19 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1385**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل اوانسداد منشیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیز نے غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں؟ اور وہ گاڑیاں محکمہ نے اپنے افسران کو استعمال کرنے کے لیے دی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) محکمہ نے کتنی غیر قانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں؟ گاڑی نمبر کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کس قانون کے تحت اور کون کون سی گاڑی کس کس افسر کے پاس زیر استعمال ہیں؟ بمعہ دستاویزات تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:20 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1387**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیز دیگر محکموں کے افسران کو بھی گاڑیاں دیتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) کس قانون کے تحت دوسرے محکموں کے افسران کو گاڑیاں دی جاتی ہیں؟

(ii) دیگر محکموں کے جس جس افسر کو گاڑی Allot ہوئی ہے، ان سب افسران کے نام بمعہ Allotment letter اور جسکے کہنے پر ہوئی ہے ان سب کے نام تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:23 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1479**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مال از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لینڈ کمیشن خیبر پختونخوا کی ملکیتی زمین جو کہ 232 کنال اور 02 مرلے تھی، اس کو (Khyber KPEZDMC) Pakhtunkhwa Economic Zones Development and Management Company کیلئے مختص کی گئی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو درج بالا زمین کس طریقہ کار کے تحت (KPEZDMC) کو مختص کی گئی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:16 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1429**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع اورکزئی (سابقہ فاٹا) محکمہ صنعت و حرفت اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے شعبے کے لئے 25-2024 میں ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ اس میں سے کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟ اور کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:19 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1427**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت وحرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ جدید دور میں فنی تعلیم کو نئے خطوط پر استوار کرنے کی ضرورت ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ نے کیا کیا عملی اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ii) اس کیلئے موجودہ بجٹ میں کتنی رقم مختص کی گئی ہے؟ اور اس سے صوبے کی فنی تعلیم پر کیا کیا مثبت اثرات / نتائج مرتب ہونگے؟

(iii) اس ہدف کے حصول کیلئے کوئی خصوصی / فنی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ کمیٹی کے ممبران کے نام، فنی قابلیت اور اب تک حاصل شدہ کامیابیاں / نتائج کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:24 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1492**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر اوقاف، حج، مذہبی واقلیتی امور از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے اندر محکمہ کی بہت سی پراپرٹیز لیز پر دی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ 5 سالوں کے دوران جن محکموں اور پرائیویٹ افراد کو محکمہ کی کمرشل جائیدادیں لیز پر دی گئی ہیں۔ ان محکموں اور پرائیویٹ افراد کے نام، لیز کی مدت، مالیت بمعہ لیز ایگریمنٹ فراہم کئے جائے

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:25 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1491**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر اوقاف، حج، مذہبی واقلیتی امور از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ اوقاف کے پاس صوبے کے اندر کل کتنی کمرشل عمارتیں ہیں؟ جگہوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) محکمہ کی کل کمرشل عمارتوں جگہوں کا استعمال اور اس کی آمدن کیا ہیں؟ الگ الگ وضاحت کریں۔ نیز محکمہ کے پاس کل ویران اور ناقابل استعمال عمارتوں اور جگہوں کی مکمل تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:35 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1471**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی کو روکنے کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کمیٹی کی مکمل تفصیل بمعہ کارکردگی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:47 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1440**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا نے نئے ضم اضلاع میں مختلف طریقوں سے تکنیکی اور فنی تعلیم کی سرگرمیاں شروع کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تمام نئے ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کی کارکردگی کی تفصیل اور خصوصاً باجوڑ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:42 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1667**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ تجارت نے گزشتہ پانچ سالوں میں مستحق اور بے روزگار عوام کو تجارت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ب) کیا کم وسائل والے بے روزگار نوجوانوں اور خواتین کو اپنا کاروبار شروع کروانے اور اُن کو خود کفیل بنانے کے حوالے سے کوئی منصوبہ موجود ہے ؟ اگر ہاں ہو تو مذکورہ منصوبے کی تفصیل بمعہ لاگت، دورانیہ کی تفصیل اور اس سے ماضی میں مستفید افراد کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 02:38 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1714**
**Sent to Dept Date:** Aug 20, 2025 - Wed
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر اوقاف حج، مذہبی اور اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا میں اقلیتوں کی آبادی موجود ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تمام اقلیتوں کی آبادی کی تعداد کی تمام مذاہب وائز تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز تمام اضلاع میں اقلیتوں کے تمام مذاہب کے لوگوں کی تعداد الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 12, 2025 -- 09:30 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1707**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرماہیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے صوبے میں دریاوں سے سونا نکالنے کے معاہدے کئے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو نظام پور، کوہاٹ، کوہستان، صوابی میں کن کن کے ساتھ کس طریقہ کار کے تحت معاہدے کئے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Aug 12, 2025 -- 09:31 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1746**
**Sent to Dept Date:** Sep 05, 2025 - Fri
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرماہیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صوبے میں اکتوبر 2024 میں گولڈ مائنز بلاکس نیلام کیے تھے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ مزید 4.92 ارب روپے کے مزید گولڈ مائینز بلاک نیلام کرنا چاہتا تھا؟ جس پر نیب NAB نے اپنے تحفظات کا اظہار کیا تھا؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو اکتوبر 2024 میں نیلام کیے گئے گولڈ مائنز بلاکس اور نیب تحفظات کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Aug 12, 2025 -- 03:30 PM - Tue
**سوال نمبر Question # 1734**
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**جناب افتخار اللہ جان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے محکمہ مال ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) فی الوقت ضلع چارسدہ میں کل کتنی سرکاری اراضی موجود ہے ؟ نیز یہ زمین کن کن سرکاری محکموں / اداروں کے زیرِ تصرف ہے ؟ اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ سرکاری زمین سے سالانہ کتنی مالی آمدن حاصل ہوتی ہے ؟ اسکی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:42 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 1744**
**Sent to Dept Date:** Sep 01, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آ یایہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں مختلف قسم کی معدنیات کے ذخائر پائے جاتے ہیں ؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ ان معدنیات کی لیز من پسند لوگوں کو دی گئی ہیں؟

(ج)اگر(الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i)ضلع ہری پور میں کل کتنی قسم کی اور کون کونسی معدنیات اور کہاں کہاں پر پائی جاتی ہیں؟

(ii)مذکورہ معدنیات کی لیز کس کس کو دی گئی ہیں اوران کی مالیت کتنی تھی؟لیز ہولڈرز کی مکمل تفصیل2020 سے فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:35 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1726**
**Sent to Dept Date:** Aug 20, 2025 - Wed
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت وحرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت کی لکی سیمنٹ فیکٹری، کوہاٹ سیمنٹ فیکٹری کی طرح Corporate social responsibility فنڈ ڈپٹی کمیشنر کے اکاؤنٹ میں جمع کرتی ہے ؟

(ب)اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہوتولکی سیمنٹ فیکٹری نے اپنے قیام سے اب تک کل کتنا کارپوریٹ سوشل ریسپونسی بیلٹی(CSR)فنڈ جمع کیا ہے ؟اوریہ فنڈ کہاں، کس طرح اور کس کے ہاتھ سے خرچ کیا گیا ہے ؟نیز اگر کوئی فنڈ جمع نہیں کیا گیاتواس کی وجوہات بتائی جائے ؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا چھیالیسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 11 نومبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date : Jun 30, 2025 -- 01:26 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1483
Sent to Dept Date: Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرآبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کی زیر نگرانی ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے مختلف علاقوں میں ٹیوب ویل بور ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 2024 سے تاحال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں ضرورت کی بنیاد پر کتنے بور، کہاں کہاں پر، کتنی لاگت میں، کس طریقہ کار کے تحت لگائیں گئے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز ان میں کتنے ٹیوب ویل سولارائز کئے گئے ہیں؟ مع Co-ordinates سکیم کے نام کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:04 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1482
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرآبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:14 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1416
Sent to Dept Date: Jul 04, 2025 - Fri
جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرخزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 01, 2025 -- 09:26 AM - Tue
سوال نمبرQuestion # 1493
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرآبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ آبپاشی کے مد میں PK-74 پشاور کے لیے مالی سال 2024-25 کے بجٹ میں فنڈ مختص کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) PK-74 پشاور کے لیے کل کتنی رقم مختص کی گئی تھی اور اس میں اب تک کتنا فنڈ جاری کیا گیا ہیں؟

(ii) جاری کردہ فنڈز کا استعمال کس طرح ہوا ہے اور اس سے کون سے منصوبے مکمل کئے جاچکے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 07, 2025 -- 02:03 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1623
Sent to Dept Date: Jul 08, 2025 - Tue
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرانتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ سرکاری ملازمین کو سرکاری رہائش گاہیں الاٹ کرنے کیلئے مختلف سکیلز کے ملازمین کیلئے علیحدہ علیحدہ ویٹنگ لسٹیں مرتب کرتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ نے یہ سنیارٹی لسٹیں اپنی ویب سائٹ پر بھی اپلوڈ کرنا ہوتی ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال 2019 کے بعد نئی سنیارٹی لسٹ ویب سائٹ پر اپلوڈ نہیں کی؟

(د)آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ نے تاحال سنیارٹی لسٹ کو اپڈیٹ نہیں کیا؟اوراس سنیارٹی لسٹ میں ان ملازمین کے نام بھی شامل ہیں جو فوت ہو چکے ہیں، ریٹائرڈ ہو چکے ہیں یاان کو سرکاری رہائش گاہ الاٹ ہو چکی ہیں؟

(ہ) اگر(الف)تا(د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ اپڈیٹ لسٹ کب ویب سائٹ پر اپلوڈ کی جائے گی اور سال 2019 کے بعد نئی لسٹ اپلوڈ نہ کرنے والوں کے خلاف کیا تادیبی کاروائی کی جائے گی

(ii)ہر لحاظ سے مکمل سرکاری ملازمین کی رہائش گاہوں کی ویٹنگ لسٹ کی کاپیاں فراہم کی جائیں

Notice Date : Jul 07, 2025 -- 02:40 PM - Mon
سوال نمبرQuestion # 1651
Sent to Dept Date: Jul 09, 2025 - Wed
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ M. Phil الاونس کیلئے مختلف محکماجات کے سینکڑوں ملازمین کی طرف سے درخواستیں محکمہ خزانہ کو موصول ہوئی ہیں؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ من پسند مخصوص لوگوں کو یہ الاونس دیا گیا اور میرٹ سے ہٹ کر فیصلے کئے گئے ہیں؟

(ج)اگر(الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ کے پاس کتنے کیس M.Phil الاونس کے لیے زیر التواہیں اور کتنے ہو چکے ہیں سب کی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Jul 10, 2025 -- 02:33 PM - Thu
سوال نمبرQuestion # 1680
Sent to Dept Date: Jul 17, 2025 - Thu
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر امداد، بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)صوبے میں سیلابوں کی روک تھام کی فیزیبیلٹی سٹڈی اوران پر کیئے گئے اخراجات کتنی ہے؟

(ب)گزشتہ پانچ(5) سالوں میں اس بابت محکمہ ہذا کی کیا کارکردگی اور Achivements ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا سینتالیسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 12 نومبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:01 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1380**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ طلباء کو مفت درسی کتُب فراہم کرتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ درسی کتُب کے علاوہ غریب اور نادار طلبا کو مفت یونیفارم بھی فراہم کرتا ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) ہزارہ ڈویژن میں سال 2018 سے تاحال محکمہ تعلیم نے کس درجے تک درسی کتب فراہم کی ہیں اور حکومت کو سالانہ کتنے اخراجات اٹھانے پڑے ہیں سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔؟

(ii) حکومت نے کتنے پرائمری اور ہائی سکولوں کے بچوں کو مفت یونیفارم دی ہیں اور کتنا خرچ آیا ہے سکول وائز اور سال وائز تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:02 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1381**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری سکولوں کی مرمت اور رنگ وروغن پر حکومت سالانہ خطیر رقم خرچ کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں پر کس حساب سے رقم خرچ کی جاتی ہے؟ نیز قم خرچ کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii) اگر رقم کسی کمیٹی کے ذریعے خرچ کی جاتی ہے تو کمیٹی کن کن ممبران پر مشتمل ہوتی ہے مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:43 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1561**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائینگے کہ

(الف) اس وقت صوبے میں پن بجلی کے ضلع وار کل کتنے منصوبے قائم ہیں،

(ب) مذکورہ منصوبوں کی پیداواری استعداد کار کیا ہیں اور ان منصوبوں میں کتنے نیشنل گریڈ سٹیشن کیساتھ منسلک ہیں اور کتنے منصوبوں کا کنٹرول محکمہ ہذا کے پاس ہیں؟

(ج) آیا بجلی بحران پر قابو پانے کیلئے صوبے میں بجلی کے نئے منصوبے شروع کرنے کی کوئی تجویز صوبائی حکومت کے زیر غور ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:44 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1564**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں پانی سے پیدا ہونے والے بجلی کے منصوبے (ڈیمز) موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ منصوبوں سے ہزاروں میگاواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2022 سے تاحال تمام منصوبوں سے پیدا ہونے والی بجلی کی میگاواٹ سالانہ پیداوار کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

(ii)صوبے میں بجلی کی ضرورت کتنی میگاواٹ ہے؟

(iii)صوبے کو کتنی میگاواٹ بجلی نیشنل گریڈیا مرکز سے ملتی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:27 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1443**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ پی کے 115 تحصیل درازندہ اور کلاچی، ڈیرہ اسماعیل خان میں بیشتر سکولوں میں اساتذہ تعینات نہیں ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہے تو:

(i)تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی کے کتنے اسکولوں میں اساتذہ کی کمی ہے؟، تمام سکولوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)خالی پوسٹوں پر اساتذہ کی کمی کو پورا کرنے کے لیے محکمہ کیا اقدامات اٹھا رہا ہے؟

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:30 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1600**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں وقتاً فوقتاً بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 14-2013 سے لیکر مارچ 2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں جتنی بھرتیاں ہوئی ہیں، ان کی تفصیل گریڈ وائز بمعہ شناختی کارڈز کے مہیا کی جائے؟

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:40 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1580**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ نیلوفر بابر صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)سال 2018 تا 2023 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں حلقہ پی کے۔1 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟

(ب)اس میں کتنا فنڈز جاری اور کتنا خرچ ہوا خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں پر اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:10 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1500**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرما ئیں گے کہ،

(الف)آیا یہ درست ہے کہ موجودہ ڈائریکٹر IM Science کو نگران حکومت کے دوران مقرر کیا گیا تھا؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)ڈائریکٹر IM Sciences کی تقرری کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii)آیا نگران حکومت ڈائریکٹر کی تقرری کر سکتی تھی؟

(iii)تقرری کے لیے قانونی تقاضے پورے کیے گئے ہیں؟ تمام تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:04 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1610**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)فاٹا انضمام کے بعد کل کتنے بیسک ایجوکیشن کمیونٹی سکولز فعال ہیں اور اس میں کل کتنے اساتذہ برسرروزگار ہیں؟

(ب)کیا ان اساتذہ کی تنخواہیں بروقت ادا ہوتی ہیں؟

(ج)کیا ان اساتذہ کی تنخواہیں کم از کم اجرت کے قانون کے مطابق ادا ہوتی ہیں؟

(د)کیا ان بیسک سکولز میں بنیادی سہولیات میسر ہیں جیسا کہ فرنیچر، کتابیں، سٹیشنری میٹریل وغیرہ؟

(ہ)اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ان مسائل کے حل کیلئے محکمہ کے پاس کیا لائحہ عمل ہے اور اس پر کب عمل درآمد ہوگا تفصیل فراہم کی

جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:06 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1611**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) خیبر پختونخوا ایجوکیشن مانیٹرنگ اتھارٹی کے ملازمین کیلئے ابھی تک سروس سٹرکچر کیوں نہیں بنایا گیا؟

(ب) ایجوکیشن مانیٹرنگ اتھارٹی کے ملازمین کیلئے سی پی فنڈ ریگولیشن کب تک فائنل کر کے نوٹیفائی کیا جائے گا تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:09 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1614**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 32 لوئر کوہستان میں مختلف کیٹگری کے سکول موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) حلقہ پی کے 32 میں موجودہ سکولوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور کہاں کہاں پر واقع ہیں؟ کیٹگری وائز یونین کونسل وائز تفصیل فراہم کی جائے

(ii) ہر ایک سکول میں موجود طلباء کی تعداد اور ڈیوٹی پر مامور عملہ کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:10 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1615**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع کوہستان کے مختلف سرکاری سکولوں میں مرد وخواتین اساتذہ کی کمی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع کوہستان کے کن کن (گرلز و بوائز) پرائمری، مڈل وہائی سکولوں میں کتنے اور کون کون سے مضامین کے اساتذہ کی کمی ہے اور اس ضمن میں محکمہ نے اب تک کیا اقدامات کئے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:23 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1616**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
جناب محمد رشاد خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ گورنمنٹ گرلز مڈل سکول بٹیال بشام ضلع شانگلہ کو ہائی سکول کا درجہ دیا گیا ؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں ہائی کلاسز کے لیے عمارت تعمیر کی گئی ہے؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول کیلئے ضروری سٹاف میں درجہ چہارم کی ملازمین کی بھرتیاں بھی کی گئیں ہیں؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کب تک مذکورہ سکول میں ہائی کلاسز شروع کی جائیں گی ؟ اور تاحال کلاسز شروع نہ کرنے کی وجوہات بھی بتائی جائیں

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:40 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1496**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضم اضلاع میں کالجوں کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے اور ان میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کی تعداد کالج وار فراہم کی جائے۔

(ب) ضلع باجوڑ میں طلباء وطالبات کے کتنے کالجز کن کن علاقوں میں موجود ہیں، آیایہ کالجز طلباء وطالبات کے تناسب سے کافی ہیں؟ نیز داخلہ کے لیے کیا لائحہ عمل اور طریقہ کار ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:01 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1620**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ خوراک میں فوڈانسپکٹرز پشاور میں دکانداروں اور ریڑھی بانوں کو جرمانے کرتے ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ 2020 سے لے کر 19 ستمبر 2024 تک مختلف دکانداروں اور ریڑھی بانوں کو جرمانے کیے گئے ہیں؟

(ج)اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i)مذکورہ وقت میں جرمانے کئے گئے دکانداروں اور ریڑھی بانوں کے نام / ولدیت، جرمانوں کی تفصیلات بمعہ جرمانے کی فوٹو کاپی اور جرمانہ عائد کرنے والے افسران کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

(ii)جن افسران نے مختلف جرمانے معاف کروائے ہیں ان کی تفصیلات بمعہ وجوہات بتائی جائیں۔

(iii) مذکورہ جرمانوں میں محکمے کا کتنا فیصد حصہ ہوتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:04 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1621**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فاونڈیشن کی چالیس (40) اساتذہ کی دسمبر 2021 سے جون 2024 تک، سات سو ستائیس (727) اساتذہ کی نومبر 2023 سے جون 2024 تک اور تین سو انچاس (349) اساتذہ کی جولائی 2021 سے جون 2024 تک تنخواہ کی مد میں بقایاجات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)مذکورہ اساتذہ جن کی تنخواہیں عرصہ دراز سے بند ہیں ان کے نام بمہ سکول وپتہ کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

(ii)نیز ان اساتذہ کو مذکورہ بقایاجات کب تک ادا کیے جائیں گے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا اڑتالیسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 13 نومبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:36 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1563**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی (PDA) نے حیات آباد رہائش سکیم کے بعد پشاور میں ریگی ماڈل ٹاؤن کے نام سے ایک رہائش منصوبہ شروع کیا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ منصوبہ کے تین زونز ا،III اور V میں آج تک کوئی ترقیاتی کام شروع نہیں ہو سکا؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک اس منصوبے کو مکمل کرے گی اور اتنے لمبے عرصے میں اتنی بڑی کوتاہی کے وجوہات کیا ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:37 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1559**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور کی ترقی کے لیے ایک ادارہ پی ڈی اے کے نام سے موجود ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ادارہ پشاور میں رہائشی سکیموں کے بنانے کا بھی ذمہ دار ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ادارے کے ملازمین کو مختلف ترقیاتی سکیموں میں رہائشی پلاٹس بھی ملتے ہیں؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) حیات آباد اور ریگی ماڈل ٹاؤن میں PDA کے ملازمین کو جتنے پلاٹس اب تک ملے ہیں ان ملازمین کے نام، پلاٹس کے سائز اور پلاٹس کی لوکیشن کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ii) مذکورہ پلاٹس کی منتقلی پر ملازمین سے کتنی ادائیگیاں وصول کی گئی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:36 PM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1552**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اربن ایریا ڈیویلپمنٹ اتھارٹی (UADA) ڈیرہ اسماعیل خان کے پانچویں بورڈ کی میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں پلاٹوں کی نیلامی کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ نیلام شدہ پلاٹوں کی رقم سے پراجیکٹ ڈائریکٹر، ڈیرہ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے نئی گاڑی کی خریداری سمیت اُس کے دفتر کی تزئین وآرائش بھی کی گئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ رقم سے نئی گاڑی کی خریداری اور دفتر کی تزئین وآرائش کے لئے رقم کی ادائیگیاں کس کے حکم پر کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:37 PM - Mon
**Question # 1553**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2023-24 اور 2024-25 کے دوران صوبائی حکومت نے ہر حلقہ کو ٹرانسفارمرز مرمت کی مد میں فنڈز جاری کئے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) کس طریقہ کار کے تحت صوبائی حلقوں کو فنڈز جاری کئے؟ تمام حلقوں کو جاری شدہ فنڈز کی تفصیل فراہم کرے۔

(ii) حلقہ PK-112 ڈیرہ اسماعیل خان کو ٹرانسفارمرز مرمت کی مد میں کتنا فنڈ جاری کیا گیا؟ اور اس مد میں مذکورہ حلقے کا کتنا فنڈ بقایا ہے؟

(iii) متعلقہ حلقہ میں کہاں اور کن علاقوں کے ٹرانسفارمرز کی مرمت کی گئی؟ تمام ٹرانسفارمرز کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:58 AM - Tue
**Question # 1568**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی طرف سے ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی پشاور کے ہر صوبائی حلقہ میں 1000 (ہزار) مستحق افراد میں 10000 (دس ہزار) روپے بطور رمضان پیکج دیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈپٹی کمشنر پشاور کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ہر ویلج کونسل / نیبر ہوڈ کونسل کی سطح پر ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں ایک متعلقہ حلقے کا منتخب ممبر صوبائی اسمبلی کا فوکل پرسن بھی تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ویلج / نیبر ہوڈ کونسل پی کے 75 میں فوکل پرسنز کس کے کہنے پر نامزد کیے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے

(ii) پی کے 75 میں کل کتنے افراد کو کتنی کتنی رقوم ادا کی گئی ہیں تمام افراد کے نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، پتہ، اکاونٹ نمبر اور ویلج کونسل سطح پر فوکل پرسن کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:05 PM - Mon
**Question # 1631**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2018 سے 2024 ستمبر تک محکمہ میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) آیا ان بھرتیوں میں اقلیتوں، خواتین اور معذوروں کے لیے کوٹہ موجود تھا؟ اگر کوٹہ موجود تھا تو کتنا تھا اور اس پر پوری طرح عمل درآمد ہوا ہے یا نہیں اور کتنی سیٹیں تاحال خالی ہیں؟

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی لسٹیں بمعہ نام، عہدہ اور پتہ فراہم کی جائیں نیز اقلیت، خواتین اور معذور جو کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں۔ ان کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:17 PM - Mon
**Question # 1671**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2010 سے 2024 تک ضلع دیر بالا میں سیلاب سے تباہ شدہ پلوں اور روڈز کی دوبارہ مرمت کیلئے فنڈز ریلز کیا تھا؟

(ب) آیا بھی درست ہے کہ محکمہ نے دیر بالا میں سیلاب سے تباہ شدہ پلوں کی بحالی کا کام شروع کیا تھا؟

(ج) آیا بھی درست ہے کہ ان میں سے کچھ پلوں اور سڑکوں پر کام جاری ہوا تھا۔ جبکہ بعض پلوں پر کام شروع کر کے ادھورا چھوڑ دیا گیا ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو:۔

(i) جن پلوں پر کام ادھورا چھوڑ دیا گیا کو کب تک مکمل کیا جائے گا۔ جن پلوں پر کام شروع نہیں کیا گیا ہے ان پر کام کب تک شروع کیا جائے گا

(ii) مذکورہ سڑکوں اور پلوں کی تعمیر میں سست روی کی وجوہات کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:33 AM - Wed
**سوال نمبرQuestion # 1713**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں محکمہ ہذا میں گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک کی مختلف کیڈرز کی پوسٹیں خالی ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) کل کتنی پوسٹیں خالی ہیں ؟اور کیوں خالی ہیں ان میں کون سی اور کتنی آسامیاں ڈائریکٹ Initial recruitment اور محکمانہ پروموشن کے ذریعے پُر کی جاتی ہیں ؟ان کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات مندرجہ ذیل پروفارمہ کے مطابق فراہم کی جائیں۔

نمبر شمار، حلقہ نمبر، خالی پوسٹ کا نام بمعہ گریڈ ، خالی ہونے کی تاریخ، خالی پوسٹ پُر کرنے کا طریقہ کار، خالی ہونے کی وجوہات۔

(ii) حکومت نے خالی آسامیاں پُر کرنے کیلئے جو اقدامات اٹھائے ہیں۔ان کی تفصیل بمعہ کارروائی Recruitment Process بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:37 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1722**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لکی مروت میں پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی ٹوٹل کتنی واٹر سپلائی سکیمیں ہیں؟ کتنی واٹر سپلائی سکیمیں فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں ؟ نان فنکشنل سکیمیں کب تک فنکشنل ہو جائیں گی۔ تفصیل فراہم کی جائے ؟

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:42 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1730**
**Sent to Dept Date:** Aug 25, 2025 - Mon
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ٹی ایم اے لکی مروت میں کل کتنے ملازمین ہیں ؟ کتنے عارضی اور کتنے ملازمین مستقل ہیں ؟ کتنی آسامیاں خالی ہیں ؟، مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں ؟

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:41 PM - Fri
**سوال نمبرQuestion # 1807**
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور کا علاقہ چکائی جو کہ سیاحتی مرکز ہے کا روڈ انتہائی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے ؟اور علاقہ تناول کا مین روڈ بھی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت مذکورہ روڈ کب تک تعمیر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز گزشتہ دُور حکومت میں اس روڈ کے لیے مختص شدہ فنڈز کس مد میں خرچ کیا گیا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 08, 2025 -- 06:10 PM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1817**
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**محترمہ افشاں حسین صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مینگورہ سوات میں حالیہ تباہ کن سیلاب کی ایک بڑی وجہ ندی نالوں کی بروقت صفائی نہ ہونا ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اگر صفائی کا عمل بروقت کیا جاتا تو نقصانات کم ہو سکتے تھے ؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) ندی نالوں کی صفائی میں تاخیر یا کوتاہی کی اصل ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے ؟اس غفلت پر کسی افسر یا اہلکار کے خلاف انکوائری یا کارروائی شروع کی گئی ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) آئندہ ایسے واقعات سے بچنے کے لیے ندی نالوں کی بروقت صفائی اور مرمت کے لیے کیا عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:04 AM - Fri
**Question # 1835**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور رنگ روڈ پر محکمے کی طرف سے متعین Dedicated U-turns کے علاوہ بھی یوٹرنز موجود ہیں؟

(ب) اگر( الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گرین بیلٹ اور ڈیوائڈرز کو توڑ کر بنائے جانے والے ان غیر قانونی یوٹرنز کو ختم کرنے اور اس کے سد باب کے لئے حکومت نے کیااقدامات اٹھائے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 18, 2025 -- 03:55 PM - Thu
**Question # 1831**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبے بھر کے بازاروں میں ضروری اشیاء کو سرکاری نرخنامے پر فروخت کرنے کو یقینی بنانے کی ذمہ داری کس کی ہے؟

(ب) ضلع پشاور میں گزشتہ مالی سال کے دوران کتنے گران فروشوں کو گرفتار کیا گیا؟ نیز ان گرفتار گران فروشوں کو جرمانوں کے علاوہ کیا سزائیں دی گئیں؟

(ج) جرمانوں سے حاصل شدہ رقم کہاں اور کس مد میں خرچ کی گئی؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا انچاسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 14 نومبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:44 AM - Mon
**Question # 1512** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے بھر کے ہسپتالوں میں اور بلخصوص پشاور کے ہسپتالوں میں مریضوں کے لئے گذشتہ حکومت سے لیکر اب تک سرکاری ادویات موجود نہیں ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پشاور کے ہسپتالوں کو مذکورہ ادویات کب تک فراہم کی جائیں گی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:45 AM - Mon
**Question # 1513** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ حیات آباد برن یونٹ (ہسپتال) میں میڈیسن کی کمی کی وجہ سے مریض اپنے جیب سے تقریباً ایک ہزار سے لیکر 20 ہزار یومیہ ادا کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت مذکورہ ہسپتال کو کب تک ادویات فراہم کرے گی تاکہ غریب مریضوں کو مفت میڈیسن فراہم کی جائے تفصیل مہیا کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:49 AM - Mon
**Question # 1538** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ خیبر پختونخواہ فارمیسی کونسل فارمیسی ایکٹ 1967 ترمیم شدہ سے ماوراء Proviso اور شق 30 کے (c) سے منسلکہ شق 29(1)29(2) اور شق 30(c) شق 25 (g) مجریہ 1973 کے شق 2 فارمیسی کونسل خیبر پختونخواہ کے رجسٹر (ب) میں افراد کا اندراج کر رہی ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ اس ایکٹ کے شق (g) جن کا تو کورس آف سٹڈیز اور نہ پہلے کورس پڑھانے والے انسٹیٹیوٹس فارمیسی ایکٹ کے مذکورہ بالا سیکشن 2 کے تحت تسلیم شدہ ہے

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2017 سے لے کر آج تک کتنے افراد کو خیبر پختونخواہ فارمیسی کونسل کے رجسٹر (ب) میں رجسٹریشن دی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:50 AM - Mon
**Question # 1517** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ہمارے صوبے میں رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹر اور ڈسپنسریاں موجود ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز میں تمام آسامیوں پر ملازمین تعینات ہیں؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا ڈسپنسریز کو حکومت دوائیاں وغیرہ فراہم کرتی ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) صوبے میں کل کتنی رول ہیلتھ سینٹرز، بنیادی ہیلتھ سنٹرز اور ڈسپنسریاں ہیں؟

(ii) مذکورہ ہیلتھ سنٹرز میں کل کتنے ملازمین ہیں۔ تمام ملازمین کی تفصیل فراہم کیا جائے۔

(iii) مندرجہ بالا ہیلتھ سنٹرز کو 2024 سے تاحال کتنی دوائیاں فراہم کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:31 PM - Mon
**Question # 1396**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)Umbrella سکیمیں کیا ہوتی ہیں؟ کس اصول اور قانون کے تحت اس میں سکیمیں شامل کی جاتی ہیں؟ تقسیم کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ب) کیا اس میں ممبران اسمبلی کی سکیمیں بھی شامل کی جاتی ہیں؟ اس کے لئے کیا پالیسی ہوتی ہے اور اس کی مجاز اتھارٹی کون ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:32 PM - Mon
**Question # 1394**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اٹھارویں ترامیم کے بعد صوبے کے حکومتی رولز آف بزنس میں ترامیم لازمی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ کئی سال گزرنے کے باوجود یہ ترامیم نہیں کی گئی ہیں؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک اس قانونی سقم کو دور کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:48 PM - Mon
**Question # 1581**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال بنوں میں آسامیاں خالی بھی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ڈاکٹرز، ٹیکنیکل سٹاف اور درجہ چہارم کی کتنی آسامیاں خالی ہیں؟

(ii) گزشتہ تین سالوں مذکورہ ہسپتال میں کون کونسی آسامیوں پر کتنی بھرتی ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:49 PM - Mon
**Question # 1582**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں زیادہ تر میڈیکل ڈاکٹرز (نان پریکٹسنگ الاونس) لینے کے باوجود پرائیوٹ پریکٹس کر رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو مذکورہ ڈاکٹروں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے نیز ان کے خلاف کیا کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:11 AM - Tue
**Question # 1425**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- (پی کے -95)

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے۔کہ

(الف) ضلع کرم کو AIP پروگرام کے تحت کتنا فنڈ دیا گیا ہے۔ تفصل فراہم کریں۔

(ب)DDP-1،DDP-2 اور DDP-3 سے ضلع کرم کے مختلف شہروں میں کتنے سکیمیں مکمل ہوئے ہیں۔اور جتنے سیکموں کی ٹنڈز ہو چکی ہیں۔ان کی مکمل تفصل فراہم کی جائے۔نیز جن ٹھیکداروں کو ٹھیکے ملے تھے۔اُن ٹھیکداران کی لائنسیس، شناختی کارڈ اور سی ڈی ار کی کاپیوں کے علاوہ اخباری ٹنیڈر، ٹائم اور تاریخ کی مکمل تفصل فراہم کی جاہیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:12 AM - Tue
**Question # 1426**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد ریاض - پی کے -95 صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)SRSP اور UNPP نے سنٹرل کرم، لوئر کرم اور اپر کرم میں کتنے منصوبوں پر کام کیا ہے؟

(ب) آیا مذکورہ کام آبادی کی بنیاد پر کیا گیا ہے یا سفارش کی بنیاد پر؟ تمام تفصیل فراہم کریں ۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:38 AM - Tue
**Question # 1504**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع باجوڑ میں کل کتنے ہسپتال، BHU,S، ڈسپنسریاں اور دیگر صحت کے مراکز ہیں؟

(ب) مذکورہ ہسپتالوں، BHU,S ڈسپنسریوں اور ہیلتھ سنٹرز میں کل کتنا عملہ تعینات ہے؟ اور کون کون سے پوسٹ پر کہاں کہاں کام کر رہے ہیں؟

(ج) مذکورہ ہیلتھ سنٹرز / مراکز کی اپ گریڈیشن اور موجودہ وقت ادویات اور سامان کے لیے مختص فنڈ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:44 AM - Tue
**Question # 1532**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ دو سالوں سے کتنے فوجداری قانون اور فوجداری مقدمات کے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں؟ مذکورہ مقدمات پر تاحال کتنی اور کیا کاروائی ہوئی؟

(ب) پٹرولیم دھماکہ خیز مواد کے کنٹرول کیلئے کیا لائحہ عمل بنایا گیا ہے اور مجرمانہ رپورٹس کی کیا صورتحال ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:15 AM - Tue
**Question # 1574**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف جیلوں میں قیدیوں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے محکمہ بجٹ مختص کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے کے جیلوں میں سہولیات کی مد میں سالانہ کتنا بجٹ مختص کیا جاتا ہے؟ تمام جیلوں کی گزشتہ 3 سالوں کی بجٹ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:16 AM - Tue
**Question # 1575**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف جیلوں میں قیدی مختلف بیماریوں کا شکار ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت قیدیوں کو علاج معالجے کی سہولیات بھی فراہم کرتی ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:

(i) جیلوں میں قیدیوں کو بیماریوں سے بچاؤ اور تشخیص کے لئے کون کونسے سہولیات فراہم کی جاتی ہے؟

(ii) تمام قیدیوں کے مختلف میڈیکل ٹیسٹ ریگولر بنیادوں پر کئے جاتے ہیں اور کتنے عرصے بعد دہرائے جاتے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:22 AM - Tue
**Question # 1598**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد رشاد خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ (IHP(EPI پراجیکٹ میں تقریباً 395 افراد EPI ٹیکنیشنز آسامیوں پر تعینات تھے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ٹیکنیشنز IHP میں مورخہ 14 فروری 2017 سے اکتوبر 2020 تک پراجیکٹ میں کام کرتے رہے ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت نے اکتوبر 2020 کے بعد مذکورہ ملازمین کو Non ADP سکیم کے تحت کنٹریکٹ پر ڈائریکٹر EPI کے حوالہ کر دیا تھا؟

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان ملازمین کی ریگولرائزیشن کے لیے ایک سمری وزیر اعلیٰ کو بھیج دی گئی ہے؟

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ ملازمین کی مستقلی کی سمری پر حکومت نے اب تک کیا کاروائی کی ہے؟ نیز یہ ملازمین کب تک مستقل کئے جائینگے تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jul 28, 2025 -- 03:14 PM - Mon
**Question # 1688**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 01, 2025 - Fri
جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ جولائی2025 میں محکمہ ہذا کی زیر نگرانی ڈاکٹرز کی 592آسامیوں پر ترقی دی گئی؟اور مذکورہ ترقی میں ترقی پانے والے ڈاکٹرز کے نام نہیں دیئے گئے تھے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو تو

(i)مذکورہ ترقی کی قانونی حیثیت کیا ہے ؟کیا محکمہ ہذااور دیگر محکموں میں پروموشن اس طریقہ کار کے تحت کبھی ہوئی یا نہیں ؟

(ii)تعداد کی بنیاد پر بغیر نام کے پروموشن کون سی قانون کے تحت کس طریقہ کار کے تحت کی گئی ہے ؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii)نیز جو سنئیر ڈاکٹرز ترقی کے لسٹ سے نکالے گئے ہیں ان کے نام ولدیت تعلیمی قابلیت سنیارٹی لسٹ نمبر اور جن 592ڈاکٹرز کو ترقی دی گئی ہے یا دی جاری ہے ان کے بھی نام، تعلیمی قابلیت اور سنیارٹی لسٹ نمبرز کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا پچاسواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 17 نومبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:10 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1405**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت وفنی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے زیر نگرانی ٹیوٹا (TEVTA)Technical Education & Vocational Training Authority میں خواتین کو نمائندگی حاصل ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ٹیوٹا خواتین کی بحالی و ترقی کے لئے کیا کام کر رہا ہے اور ان میں خواتین کی کتنی نمائندگی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:13 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1451**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ وائلڈ لائف ایکٹ کی شق 15 کے تحت محفوظ شدہ جانوروں کی ملکیت کو ریگولیٹ کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ پنجاب کی نسبت خیبر پختونخواہ میں گوس ہاک کی درآمد پر پابندی کیوں ہے؟ نیز دیگر جانوروں کی درآمد کی اجازت کے باوجود گوس ہاک کی درآمد میں کونسی مخصوص رکاوٹیں ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:24 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1480**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے موضع درابن کی زمین دو اقسام یعنی قابل کاشت اور غیر ممکن پہاڑ پر مشتمل ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مندرجہ بالا دونوں اقسام میں KPEZDMC کی ملکیت موجود ہیں۔

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو اس تقسیم میں KPEZDMC کو کس قانون کے تحت تمام قابل کاشت زمین دی گئی ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:25 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1481**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت خیبر پختونخوا نے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف موضع جات کیلئے متعلقہ ڈپٹی کمشنر کے ذریعے زمینوں کے نرخ مقرر کر رکھے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ نرخ کس ضابطہ وقانون کے تحت طے کئے جاتے ہیں اور کیا یہ مارکیٹ ویلیو کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں؟

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:34 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1470**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ماحولیات و جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ضم اضلاع میں گزشتہ (3) سالوں کے دوران مختلف سرگرمیوں میں کتنے فنڈز کی منظوری دی گئی؟ اور اس میں سے کتنا استعمال کیا گیا ہے؟ صوبہ کے تمام اضلاع میں استعمال کئے گئے فنڈز کی تفصیل بمعہ کارکردگی، کام اور نوعیت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:48 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1437**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے صنعت کے میدان میں نئے نئے منصوبہ بندیاں کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین (3) سالوں کے دوران کیا کیا منصوبہ بندی کی گئی ہے؟

(ii) کون کون سے صنعت اور صنعتی تحقیق، تجارت اور سروے کی گئی ہے۔ موجودہ وقت فعال اور غیر فعال صنعت کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Aug 11, 2025 -- 02:40 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1702**
**Sent to Dept Date:** Aug 18, 2025 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ لیبر ڈیپارٹمنٹ میں ڈاکٹرز تعنیات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈاکٹر کی کل تعداد اور مدت ملازمت سمیت ہر ایک ڈاکٹر کے نام، PMDC کی رجسٹریشن کے کاغذات کی کاپیاں الگ الگ فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:41 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 1725**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر محکمہ جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں بلین ٹری سونامی پراجیکٹ کے تحت پودے لگائے گئے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پودوں کی جگہ، رقبہ اور تعداد اور اس پر خرچ شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے؟ نیز اس مد میں کتنا فنڈ جاری کیا گیا اور کتنا فنڈ استعمال میں لایا گیا؟